بہترین فلمی تحفہ

ہم ہندوستانی

اداکاران

سُنیل دت ۔ آشا پارکھ

ہیلن ۔ آغا

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

ہم ہندوستانی کے

گانا نمبر ۱

نیلی نیلی گھٹا اور بھیگی بھیگی ہوا
ہے نشہ ہی نشہ، کہیں کھو جائیں آ۔ نیلی ــ
موسم دیوانہ، بہکا زمانہ
ساون کی موجوں میں دو دل اکیلے ہیں
تیری نگاہیں، میری نگاہیں دونوں شرابی ہیں
مستی کے میلے میں آ جھومیں ذرا۔ نیلی ــ
پلکوں سے چھلکے، گالوں پہ ڈھلکے
ساون کی بوندوں میں چنچل اشارے ہیں
سمجھو اشارہ دے دو سہارا
تم بھی ہمارے ہو، ہم بھی تمہارے ہیں۔ آ جھومیں
لہروں کا آنچل ساحل پہ ڈولے
برکھا کی رانی بھی سرنوں کو بھولے ہے
لہروں پہ کھو جا۔ جا او چنچل تو مڑ جا
منزل یہ اپنی ہے دل میرا بولے ہے۔ آ جھومیں ـ
موسم کا جادو دل ہے بے قابو
بہکے قدم ہیں کیوں ہوگا اور آگے کیا
جنت یہیں ہے مجھ کو یقیں ہے
پہلو میں تو جو ہے دل اور مانگے کیا۔ آ جھومیں ـ

گانا نمبر ۲

چوری چوری توری آئی ہے رادھا کدم تلے ہولے ہولے

جمنا کے تٹ آ جا رے کانہا بردیہ میرا کودے کودے
تو نے چھیڑی بانسریا میں تو ہو گئی باؤریا
نینوں بیچ پریت لئے ڈھونڈ رہی ہوں آرے آرے چوری
سولہ سنگار کرے آئی تیرا پیار لئے
گورے گورے چاند تلے پریت پیلے آرے آرے۔ چوری
گانا نمبر ۳:۔ چھوڑو کل کی باتیں کل کی بات پرانی
نئے دور میں لکھیں گے مل کر نئی کہانی ہم ہندوستانی
آج پرانی زنجیروں کو توڑ چکے ہیں
کیا دیکھیں اس منزل کو جو چھوڑ چکے ہیں
چاند کے در پہ جا پہنچا ہے آج زمانہ
نئے جگت سے ہم بھی ناطہ جوڑ چکے ہیں
نیا خون ہے نئی امنگیں اب ہے نئی جوانی۔ ہم ہندوستانی
ہمکو کتنے تاج محل اور بنانے
کتنے ہی اجنتا ہمکو اور سجانے
ابھی پلٹنا ہے رخ دریاؤں کا
کتنے پربت راہوں سے ہیں آج ہٹانے۔ نیا خون ہے
آؤ محنت کو اپنا ایمان بنائیں
اپنے ہاتھوں کو اپنا بھگوان بنائیں
رام کی اس دھرتی کو گوتم کی بھومی کو
سپنوں سے بھی پیارا ہندوستان بنائیں۔ نیا خون
داغ غلامی کا دھویا ہے جان لٹا کے
دیپ جلائے ہیں یہ کتنے دیپ بجھا کے
لی ہے آزادی تو پھر اس آزادی کو
رکھنا ہوگا ہر دشمن سے آج بچا کے۔ نیا خون۔

ہر ذرہ ہے موتی آنکھ اٹھا کر دیکھو
مٹی میں سونا ہے ہاتھ بڑھا کر دیکھو
سونے کی یہ گنگا ہے چاندی کی جمنا
چاہو تو پھر سے دھیان لگا کر دیکھو ۔ نیا خون ۔

گانا :- چھیڑو نہ موہے کانہا جا جا جا
بنتی کرت میں تو ہار گئی رے ۔ چھیڑو نہ ۔
پٹ نٹ کھٹ گھونگھٹ نہ پھر گھونگھٹ نہ چھیڑ
پٹ جانے دے ڈھیٹ موہے بھئی رے دیر
ہر گھٹ ناچ تو ہے آئے نہ لاج تو ہے دغا باز
دھک دھک دھڑکے جیا
تھر تھر تھر کانپے ہر دیہ
میرے تجھ سے پیا سب جانے جیا ۔ چھیڑو نہ ۔
سونی ڈگریا ہے بجریا جھکے
چھیڑ کر دو نہ موری چھبا بجر جھمکے
گوکل کے چور نہ ستا ۔ چھیڑو نہ ۔
کلی کتور چنچل چکوری، اک گاؤں کی چھوری
نین جون لول پیلی البیلی نار سمجھائے تھکی تو ہے بار بار
نین نین چھوئی موئی، کردیں کون جتن چھوتے ہی ہاتھ کمہلائے بدن
میرا تن تمہاری مت چھو مت چھو مت چھو
دیکھ کتنا موری چنریا سر کے
ہائے کتنا ہی چنریا سر کے
سر سے کے تشتہ ستا ۔ چھیڑو نہ ۔

گانا :- رات بکھری ہوئی، زلف بکھری ہوئی
ہر ادا تیری پھولوں کی ڈالی

آج صبح نہیں ہونے والی ۔ رات نکھری ۔

یہ سماں تھم گیا یہ حسین ادائیں دیکھ کے
دھڑکنیں سو گئیں یہ نشیلی آنکھیں دیکھ کے ۔ رات ۔
رنگین بھری مستیاں، یہ بہاروں کے قافلے
ہم چلے تم چلے، تو یہ ساتھ چل دیئے ۔ رات نکھری ۔

گانا نمبر ۶: ۔ بلما رے ہائے بالما رے موری لٹ سلجھا جا
بندیا کھو گئی رے، بالما موری
تمکو میری پریت پکارے، یہ ادھورا گیت پکارے
میرے نین ہیں بے چین ذرا دیکھو جی میرا حال ہے بے حال
ذرا سوچو جی ۔ بالما ۔
دلکا پیار دلکا واسی، سمجھے نہ ظالم بات ذرا سی
تیرے پیار کی سو بار قسم کھاتی ہوں تیرے نام پہ
دل تھام کے رہ جاتی ہوں ۔ بالما رے
پریت نے چھیڑی ہے شہنائی، دل سے ہو گئی دل کی سگائی
میرے پیار کا یہ تار کبھی کو ٹوٹے نا
میرے ہاتھ سے یہ ہاتھ کبھی چھوٹے نا ۔ بالما ۔

گانا نمبر ۷: ۔ ہم جب چلے تو یہ جہاں جھومے
آرزو ہماری آسمان کو چومے
ہم نے جہاں کے پاسبان ۔ ہم ہی بہار کے رازدان
ہم ہنسے تو ہنس پڑی ہر کلی ۔ ہم چلے تو چل پڑے زندگی
ہمارے نظاروں میں پھولوں میں تاروں میں
ہم نے ہی جادو بھرا ۔ ہم نے ۔
ہم سے ہے وفاؤں میں رنگ بو ۔ ہم سے ہی اس زمین کی آبرو
ندیوں کی راگنی ہم سے ہے

میری طرف یہ تازگی ہم سے ہے ۔ ہم نے

دُور ہو گئیں سبھی مشکلیں کھنچ کے پاس آ گئی منزلیں

دیکھ کے شباب کے حوصلے

خود یہ خود سمٹ گئے فاصلے ۔ ہم نے ۔

گانا نمبر ۸ ۔ تو لاگے مورا بالم یہ کیسے کہوں میں

جو پوچھتی ہیں سکھیاں تو چپ رہوں میں

لاج موہے آئے جو آئے تیرا نام

یا پھر ہو جاؤں گی بدنام ، کا کردوں ۔ تو لاگے ۔

مُنہ سے بولوں ہے میری کیا مجال

آنکھوں میں ہے میرے دل کا سوال ، چھپا نہ سکوں ۔ تو لاگے ۔

آنکھوں نے تیری نہ جانے کب کیا

ماتھے پر میرے پسینہ آ گیا

کھوئی کھوئی دیکھوں پسینہ پونچھوں ۔ تو لاگے ۔

گانا نمبر ۹

مانجھی میری قسمت کہ جی چاہے جہاں لے چل

یہ سنہری شام آئی رنگ لیکر پیار کا

اب پتہ مجھ کو چلا ہے ، اپنی پہلی ہار کا

کہہ سکے نہ سامنے ہم کہہ رہے ہیں دور سے

ہو گئے ہم دل کے ہاتھوں اب تو مجبور سے ۔ مانجھی ۔

تو ہی میرے دل کی منزل تو ہی میرا ہمسفر

زندگی سے بڑھ کے مجھ کو تیری اک میٹھی نظر

تیری آنکھوں میں رہوں میں تو میرے دل میں رہے

زندگی بھر پیار کی یہ ناؤ ایسے ہی بہے ۔ مانجھی ۔

ختم شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/1.	عملیات لبنی کرن	2/-/1.-
عملیات تسخیر مجرب	1/8/-	اندر جال	1/8/-
عملیات قلوب	2/-/1	اُستاد جادوگراں	3/-/1.
مکمل جادوگری	8/1ع/1.	جادو منتر یزم	2/-/1.
جین بنگال کا جادو	-/12/.	کالا جادو	4/-/1.
کامروپ کا جادو	-/12/.	ام تعویذ تنتر	3/-/1.
ریثما جادوگری	1/6/.	کوہ آتش تنتر	4/-/1-
نقش سلیمانی	1/-/1.	نقش روحانی	-/12/.
تعویز سلیمانی	1/-/1.	الکنز الحبین	2/-/1.

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین	2/1/1.	قیامت نامہ	-/4/-
قصص الانبیاء	3/-/1.	بہشتی زیور اول حصّہ	-/12/-
ہزار مسئلہ	-/12/.	" " مکمل	8/-/1.
صبح کا ستارہ	-/12/-	فسانہ آدم	-/8/-
شہید کربلا	-/9/.	ضرورت المسلمین	-/6/.
قصہ حضرت ایوب	-/8/.	صبر فاطمہ	-/9/.
معراج رسول	-/9/.	نماز کا مسئل	-/3/.

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

برادرانِ اسلام کیلئے ایمان کو بڑھانیوالی

مذہبی کتابیں

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین	۱/-/۰	شہادت نامہ کلاں	-/۶/۰
مجموعہ شہادت	-/۱۲/۰	〃 〃 خورد	-/۳/-
سیدہ کا لال	۲/-/۰	مجموعہ مرثیہ و نوحہ جات	۱/-/۰
آمنہ کا لال	۱/-/۰	شہیدان کربلا	۱/-/۰
فاطمہ کا لال	۲/-/۰	جنگ نامہ کربلا	۱/-/۰
فاطمہ کا چاند	۲/-/۰	جنگ نامہ حضرت علی	-/۱۲/-
جنگ نامہ زیتون محمد حنیف	-/۶/۰	سیدہ کی بیٹی	۲/۸/۰
جنگ نامہ توران	-/۶/۰	روایات شیریں	-/۵/-
جنگ نامہ خیبر	-/۶/۰	پیام زہرا	-/۳/-

میلاد کی کتابیں

میلاد شریف اکبر	۱/-/۰	مولود بہار ولادت	-/۸/۰
میلاد شریف گوہر	۱/-/۰	میلاد بہار سعیدی	-/۶/۰
میلاد شریف لطیف	-/۱۲/۰	زیور ایمان	۱/-/-
میلاد شریف حمید	-/۱۲/۰	میلاد بہار رخشندہ	-/۱۲/-